12/03/2026 09.25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

فائرنگ

جموں کے گریٹر کیلاش حملہ علاقے میں گذشتہ شام شادی کی ایک تقریب کے دوران ایک شخص نے نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابقہ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر گولیاں چلانے کی کوشش کی تاہم وہ اس حملے میں معجزاتی طور بچ نکلے۔ یہ واقع اُس وقت پیش آیا جب فاروق عبداللہ شادی کی ایک تقریب میں شرکت کرنے کے بعد واپس لوٹ رہے تھے۔ ان کے ہمراہ نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی تھے۔

فائرنگ کرنے والے شخص کو پولیس نے گرفتار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس واقعے پر سوالات اٹھاتے ہوئے اسے بہت بڑا سکیورٹی فلیئر قرار دیا ہے۔ واقعے سے متعلق وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے میڈیا کو بتایا۔

راجوری DyCM

کے مقام پرDagani نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کل راجوری ضلعے کے گلی لنک روڈ کی تعمیر کی سنگ بنیاد رکھا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے بعد میں Baedسے Ganali میں پبلک آوٹ ریچ پروگرام کے سلسلے میں لوگوں سے ملاقات کی، جس Daganiپنچایت گھر دوران علاقے کے لوگوں نے ان کو درپیش مشکلات کے بارے میں انہیں آگاہ کیا۔

ستیش شرما

امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے کل ایک میٹنگ کے دوران پیٹرولیم مصنوعات کے سٹاک اور سپلائی پوزیشن کا ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جائزہ لیا۔

انہوننے اوئل کمپنیز اور
محکمہ

امور صارفین حکام کو ہدایت دی کہ مشرقی وسطیٰ میں جنگی صورتحال کے پیش نظر ایک ۂ پلان ترتیب دیا جائے تاکہ کسی بھی صورتحال سے نمٹا جا سکے۔ Contingency مربوط

کشمیر تیل

ادھر صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ وادی میں13دنوں کے لئے LPG سٹاک اور پندرہ دنوں کےلئے پیٹرول اور ڈیزل کا سٹاک موجود ہیں۔ انہوننے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ غیر ضروری ذخیرہ اندازوں سے اجتناب کریں۔

سکینہ ایتو

میں نئے تعمیر کئے گئے پبلک Kharote صحت کی وزیر سکینہ ایتو نے کل کٹھوعہ ضلعے کے ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کیا۔ یہ ہیلتھ سینٹر1کروڑ67لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے، جس میں تمام بنیادی تشخیص مشینیں دستیاب رکھی گئی ہیں۔

اس موقعے پر سکینہ ایتو نے کہا کہ بہتر طبی ڈھانچہ مہیا کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں سے ہیں۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کل ایک میٹنگ کے دوران جمعبندیوں کی ڈیجیٹلائزیشن کے کام کا جائزہ لیا۔ صوبائی کمشنر نے ہدایت دی کہ جمعبندیوں میں غلطیوں کو جلد از جلد درست کیا جائے تاکہ ڈیجیٹلائزیشن کا یہ عمل کشمیر صوبے میں مکمل کیا جاسکے۔

RDD

محکمہ

SASCIدیہی ترقی کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے کل ایک اعلیٰ سطح کے دوران یوٹی میں ۂ کے تحت درست لئے گئے ترقیاتی پروجیکٹوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں بتایا گیا کہ جموں وکشمیر میں دیہی ترقی اور پنچایت راج کے تحت مختلف پروجیکٹوں کےلئے21 کروڑ10لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

اعجاز اسد نے افسران پر زور دیا کہ وہ پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کویقینی بنائیں تاکہ اس سلسلے میں مختص رقومات کا صد فیصد تصرف یقینی بن سکے۔ میٹنگ میں دیہی ترقی اور کے اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔PWD

ریلوے

شمالی ریلوے نے سرینگر ریلوے سٹیشن پر مسافروں کی سہولت کےلئے سٹیٹ آف دی آرٹWaiting Lounge کی سہولت قائم کرتے ہوئے اسے لوگوں کو وقف کر دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے کہا ہے کہ یہ Lounge اب پوری طرح سے کار آمد ہے اور اس کو چالو کرنے سے مسافروں کو آرام دہ سفر کا ایک الگ ہی احساس ہو گا۔

حج

ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے ضلعے کے تمام منتخب حج عازمین کو اطلاع دی ہے کہ ان کا حج Orientation پروگرام پہلی اپریل کو پیر مسجد بانڈی پورہ میں صبح ساڑھے10 بجے منعقد کیا جا رہا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....